**مورخہ 15-07-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | معیاری اور اعلیٰ تعلیم کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | گوادر کی مقامی آبادی کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا ہوگا، وزیراعلیٰ بزنجو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | ژوب میں امن کیلئے سیاسی جماعتوں اور قبائل کو متحد ہونا پڑے گا، مٹھا خان کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | زیارت کو جمیعت کا قلعہ قرار دینے والے زمینی حقائق سے واقف نہیں، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | ملک سیاسی ومعاشی عدم استحکام کا شکار کارکن انتخابات کی تیاری کریں، مولانا واسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | فوڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام جامع پری سروس کپیسٹی بلڈنگ ٹریننگ پروگرام | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | ٹریفک پولیس کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، عبدالخالق شیخ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | افغانستان میں پاکستانی طالبان کے محفوظ ٹھکانے قبول نہیں، آرمی چیف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | اعلیٰ تعلیم کے فروغ کو ممکن بنانے کیلئے اشتراک عمل ناگزیر ہے، وائس چانسلر لورالائی یونیورسٹی | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | گرفتار کسٹم افسر سمگلنگ میں ملوث ماہانہ کروڑوں روپے کمائی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کی زیر صدارت سڑیٹ کرائم کے خاتمے کیلئے اجلاس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان میں مون سون کا نیا سلسلہ شروع کوہلو اور گردنواح میں بارش | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | محرم الحرام میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے کنٹرول روم قائم کر دیا گیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی انتہائی سخت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | نیب بلوچستان کے زیر اہتمام بدعنوانی کیخلاف سیمینار اور واک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 4.96 فی یونٹ اضافہ، حب، لسبیلہ اور کراچی کیلئے بجلی مزید مہنگی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | جمہوریت کی مکمل بحالی تک اداروں میں استحکام ممکن نہیں، مالک بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | بلوچستان میں بجلی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ طویل ہوتا جا رہا ہے، جمعیت | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

سول ہسپتال میں کوریج کے دوران نجی ٹی وی چینل کی ٹیم پر سیکورٹی گارڈز کا تشدد، قلات میں ایف سی کیمپ پر مسلح افراد کا حملہ، کوئٹہ میں فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، قلات پولیس کی فوری کارروائی پائپ چوری کرنے والا ملزم گرفتار، باکھان س لاپتہ چرواہے کی لاش برآمد، کوئٹہ بچی کی نازیبا تصویریں بنانے والا دکاندار گرفتار، سریاب روڈ ماسٹر کالونی سے موٹر سائیکل چھین لی گئی، کوئٹہ پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، تربت ایف سی کی کیمپ پر دستی بم حملہ کوئی نقصان نہیں ہوا۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 15-07-2023

## عوامی مسائل

بی ایم سی سے سیکڑوں وہیل چیئر اور اسٹریچر غائب مریضوں کو مشکلات کا سامنا، کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ کے وقت بجلی غائب، حب راستوں کی خراب صورتحال صنعتی سرگرمیوں پر بری طرح اثر انداز، کیسکو ملازمین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں، اوستہ محمد میں سورج سوانیز نے پرطویل لوڈشیڈنگ نے لوگوں کو جینا محال کردیا،، سبی کے اہم مقامات سے برساتی پانی کی نکاسی نہ ہوسکی، پنجگور امدادی سامان من پسند افراد میں تقسیم فروخت کا انکشاف۔

## اداریہ:

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے **"دھشت گردی پاک فوج نبرد آزما "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے افواج پاکستان ہماز دفاعی حصار اور اس کی سلامتی واستحکام کی ضامن ہیں جنہوں نے اپنی بہترین پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے ساتھ دشمن کی ہر چال ناکام بنائی اور دفاع وطن کے تقاضے نبھانے کے لئے ہمہ وقت کمر بستہ ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف طویل جنگ ہزاروں جوانوں کی قربانیاں دے کر جیتی۔ آج بھی بچے کھچے دہشت گرد گروپوں سے نبرد آزما ہے جس کا تازہ مظاہرہ بلوچستان کے ژوب گریژن میں حملے کو ناکام بنانا ہے دہشت گردوں نے تنصیبات میں گھسنے کی کوشش کی تھی۔ جنہیں ڈیوٹی پوموجود سیکورٹی اہلکاروں نے روکا۔ شدید تبادلہ فائرنگ میں 4 فوجی شہید اور زخمی ہونے جو بعدازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جام شہدت نوش کر گئے۔ اس طرح شہدا کی تعداد 9 ہوگئی۔ 7 دہشت گرد بھی مارے گئے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی جانیں قربان کر کے ملک کو بڑے جانی نقصان سے بچایا۔

## اداریے:

روزنامہ قدرت کوئٹہ **"بلوچستان میں شدید مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف "** کے عنوان سے تحریر کیا ہے

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **"انتخابی اصلاحات اور سیاسی جماعتوں کی ذمہ داریاں "** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے **"بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کا تماشا "** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

DATE: 15 JUL 2023

Bullet No. 1

Page No: 1

## معیاری اور اعلیٰ تعلیم کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، گورنر

### عبدالولی کاکڑ سے محکمہ تعلیم مستونگ کے افسران کی ملاقات، وفد نے تعلیمی مسائل سے آگاہ کیا

مستونگ (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کی ممبر ڈاکٹر اسماء منظور بلوچ کی قیادت میں مستونگ کے ایجوکیشن آفیسرز کے وفد نے گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے ملاقات کی۔ وفد میں ڈی ای او مستونگ احکام الدین ساسکزئی، عرض محمد ہنگوزئی، پرنسپل گرلز کالج پروفیسر شبانہ خدا بخش، پرنسپل ایلیمنٹری کالج سلیم رضا محمد شبی اے ڈی ای او شہلا منظور اور پرنسپل گرلز ہائی سکول غزگی صفیہ ارباب شامل تھے۔ وفد نے گورنر کو مستونگ میں تعلیم کے مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ گورنر نے وفد کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرادی اور کہا کہ کوالٹی ایجوکیشن اور ہائیر ایجوکیشن وقت کی اہم ضرورت ہے قومیں صرف ایجوکیشن سے ہی ترقی کرتی ہیں۔

## سبی کی پسماندگی اور عوام کی محرومی کا احساس ہے
### گورنر ملک عبدالولی کاکڑ

### زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں میں ضلع کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا' گورنر کی نواب غوث بخش باروزئی سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ سبی شہر ایک تاریخی اور روایتی اہمیت کا حامل شہر ہے اور یہ سبی صدیوں سے پشتون بلوچ خانہ بدوش قبائل کا مرکز بھی ہوتا آرہا ہے۔ زراعت اور لائیو سٹاک کے حوالے سے سبی کی اہمیت کو کسی طور پر نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے قیام سے سبی اور اس سے متصل دیگر علاقوں کے طلباء و طالبات کو بھی ہائیر ایجوکیشن کے حصول کی سہولت میسر ہو چکی ہے جن کے مستقبل قریب میں بہت دوررس نتائج برآمد ہونگے۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سابق نگران وزیر اعلیٰ نواب غوث بخش باروزئی سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ موجودہ حکومت جڑواں تاریخی شہر سبی اور ہرنائی کی درمیان ریلوے کی بحالی کیلئے کوشاں ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ سبی میلہ بھی امن و سلامتی کا پیغام ملک بھر کے عوام تک پہنچانے کا اہم ذریعہ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہمیں سبی کی پسماندگی اور سبی عوام کی بنیادی سہولیات سے محرومی کا خوب احساس ہے۔ ہماری ذاتی خواہش اور کوشش ہیں کہ سبی کے عوام کو تمام بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچائیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ خطے کی تاریخ میں باروزئی خاندان کے بہت اہم کردار رہا ہے اور توقع ہے کہ آئندہ بھی وہ ملک اور صوبے کی ترقی و خوشحالی اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## گورنر نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس سوموار سہ پہر چار بجے طلب کرلیا

### اجلاس اسپیکر جان محمد جمالی کے زیر صدارت منعقد ہوگا جو 29 جولائی تک جاری رہے گی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس گورنر بلوچستان نے سوموار سہ پہر چار بجے طلب کرلیا اجلاس اسپیکر جان محمد جمالی کے زیر صدارت منعقد ہوگا اجلاس......

بقیہ نمبر 18 صفحہ 9 پر

29 جولائی تک جاری رہے گی اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے کی جانب سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کردیا جائے جس میں وزیر خزانہ کی توجہ سابق حکومت کی جانب سے پشتو، بلوچی، براہیوی اور دیگر زبانوں کی اکیڈمیز کیلئے ایک ایک کروڑ روپے سالانہ بجٹ مختص کیا تھا مگر حالیہ بجٹ میں 2023-24 کے سالانہ بجٹ میں پشتون، براہیوی اور دیگر زبانوں کی اکیڈمیز کی گرانٹ میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا جبکہ ایک زبان کے اکیڈمی کے گرانٹ کو 5 کروڑ روپے تک بڑھایا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 15 JUL 2023 Page No: 2


## گوادر کی مقامی آبادی کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا ہوگا، وزیر اعلیٰ بزنجو

پانی کی فراہمی کیلئے خصوصی فنڈز دینے کا فیصلہ

**ہماری حکومت نے گوادر کو ٹیکس فری سٹیٹس دیا امید ہے وفاقی حکومت بھی ٹیکسوں پر چھوٹ دیگی، اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت گوادر کے امور اور مسائل کے جائزہ کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں کلاچی پاڑہ اور بخشی کالونی کے کچی آبادی کے مکینوں کو مالکانہ حقوق دینے کی اصولی منظوری دے دی گئی، اجلاس میں فری ٹریڈ زون کے لئے حاصل کی گئی اراضی کے مالکان کے لئے کمپنسیشن میں اضافہ کی بھی اصولی منظوری دے دی گئی، اجلاس میں گوادر سے رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی، سینیٹر کہدہ بابر، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، سیکریٹری بلدیات، سیکریٹری مواصلات، سیکرٹری خزانہ، سیکریٹری پی اینڈ ای، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی، ڈی جی جی ڈی اے، کمشنر مکران ڈویژن اور ڈی سی گوادر نے شرکت کی اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے گوادر کے ترقیاتی امور اور مسائل اور سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ کے امور پر بھی بریفنگ دی گئی اجلاس میں فلک روڈ کے متاثرین کو کمپنسیشن دینے کی منظوری بھی دی گئی جبکہ پائپ لائن کی تنصیب تک شکر کولانچ کے مکینوں کو ہنگامی بنیادوں پر پانی کی فراہمی کے لئے خصوصی فنڈز دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا اس کے ساتھ ساتھ پرانی آبادی کے 84 ماہی گیروں کے گھروں کی سیٹلمنٹ کی تصحیح کی بھی منظوری دی گئی، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ گوادر ماسٹر پلان کے تحت سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں کاروباری و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کی جامع پالیسی بنائی جائے اور ہاؤسنگ کے شعبہ میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی جائے، انہوں نے کہا کہ گوادر کی ترقی کے عمل کو تیز کرنے کے لئے مقامی آبادی کے حقوق اور اختیارات کا تحفظ یقینی بنانا ہوگا اور مقامی لوگوں کو اعتماد میں لیکر ترقیاتی عمل میں شراکت دار بنایا جائیگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گوادر کی ترقی پر پہلا حق مقامی لوگوں کا ہے جسے کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ہماری حکومت نے گوادر کو ٹیکس فری ڈسٹرکٹ کا سٹیٹس دیا ہے انہوں نے امید کا اظہار کیا کہ وفاقی حکومت بھی جلد وفاقی ٹیکسوں پر چھوٹ دیگی تاکہ سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی اور انکا اعتماد حاصل کرتے ہوئے گوادر کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے اور ایسے فیصلے لیے جائیں جو گوادر کے عوام کے وسیع تر مفاد میں ہوں۔


MASHRIQ QUETTA


## گوادر کی ترقی کیلئے مقامی آبادی کے حقوق اور اختیارات کا تحفظ یقینی بنانا ہوگا، عبدالقدوس بزنجو

**گوادر ماسٹر پلان کے تحت سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں کاروباری و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کی جامع پالیسی بنائی جائے**

وفاقی حکومت جلد وفاقی ٹیکسوں پر چھوٹ دے تاکہ سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی اور انکا اعتماد حاصل کرتے ہوئے گوادر کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے

**گوادر کی ترقی پر پہلا حق مقامی لوگوں کا ہے جسے کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ہماری حکومت نے گوادر کو ٹیکس فری ڈسٹرکٹ کا سٹیٹس دیا ہے۔ اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت گوادر کے امور اور مسائل کے جائزہ کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں کلاچی پاڑہ اور بخشی کالونی کے کچی آبادی کے مکینوں کو مالکانہ حقوق دینے کی اصولی منظوری دے دی گئی اجلاس میں فری........


بقیہ نمبر 7 صفحہ 9 پر


ٹریڈ زون کے لئے حاصل کی گئی اراضی کے مالکان کے لئے کمپنسیشن میں اضافہ کی بھی اصولی منظوری دے دی گئی اجلاس میں گوادر سے رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی، سینیٹر کہدہ بابر، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، سیکریٹری بلدیات، سیکریٹری مواصلات، سیکرٹری خزانہ سیکریٹری پی اینڈ ای چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی، ڈی جی جی ڈی اے کمشنر مکران ڈویژن اور ڈی سی گوادر نے شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 15 JUL 2023 Page No: 3


# Bizenjo for policy to attract investors under GMP

**Staff Report**



**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo on Friday said that under the Gwadar Master Plan (GMP), a comprehensive policy should be made to attract investors for the promotion of business and commercial activities in the Central Business District (CBD).

He expressed these views while chairing a high-level meeting to review the issues and problems of Gwadar. The meeting was attended by Member of Provincial Assembly (MPA) Mir Hamal Kalmati from Gwadar, Senator Kuhada Babar and a Senior Member of the Board of Revenue.

Secretary Local Government, Secretary Communications, Secretary PHE, Chairman Gwadar Port Authority, Director General, Gwadar Development Authority, (DG, GDA) Commissioner Makran and Deputy Commissioner Gwadar. The concerned authorities briefed the meeting regarding the development issues and problems of Gwadar in detail. The meeting also gave approvals including in-principal approval of ownership rights to slum inhabitants of Lanchpari and Bakshi Colony and in principle the increase in compensation for the owners of the land acquired for the free trade zone (FTZ).

The meeting gave the approval to give compensation to the victims of Gailug Road after briefing the meeting on the issues of the Central Business District. Special funds for emergency water supply to the residents of Kallar Kolanch until the installation of the pipeline was approved in the meeting despite the resolution of the settlement of 84 fishermen houses of the old population was also approved.

Addressing the meeting, Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo said that under the Gwadar Master Plan (GMP), a comprehensive policy should be made to attract investors for the promotion of business and commercial activities in the Central Business District (CBD).

He directed that investment in the housing sector should be encouraged in order to speed up the process of development of Gwadar, the protection of the rights and powers of the local population would have to be ensured. The local people will be trusted and made partners in the development process, he said adding that the first right on the development of Gwadar belonged to the local people, which could not be ignored in any case.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. /

DATE: 15 JUL 2023

Page No: 4

# ژوب میں امن کیلئے سیاسی جماعتوں اور قبائل کو متحد ہونا پڑے گا، مٹھا کاکڑ

## حالیہ واقعات ناقابل برداشت، یہ پرامن اور محب وطن لوگوں کی سرزمین ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر اطلاعات حکومت بلوچستان مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ژوب میں امن وامان کو قائم رکھنے اور دہشت گردی کے واقعات کو روکنے کے لئے حکومت پاک فوج اور عوام نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ امن وامان

مفادات کیلئے استعمال کیا، اس مقصد کیلئے ایک مرتبہ پھر بلوچستان پر سیاسی ٹھیکیداروں کو مسلط کرنے کیلئے اتحاد بنایا گیا ہے تاکہ بلوچستان کے عوام کی نمائندگی کی صلاحیت اور پارلیمنٹ میں بلوچستان کے حقوق کیلئے آواز اٹھانے کی اہلیت رکھنے والی بلوچستان کی حقیقی قومی وسیاسی قیادت کا راستہ روکا جائے اور اس مقصد کیلئے اسٹیبلشمنٹ اپنے ڈنڈے کے زور سے یکجا کررہی ہے۔ انہوں نے بلوچستان کے حقیقی سیاسی کارکن، اہل قلم اور بلوچستان کے محب وطن لوگوں سے مطالبہ کیا کہ آنے والے دنوں میں جب پھر سے پانچ سال کیلئے بلوچستان کے لوگوں کے ووٹ کا مذاق اڑانے کیلئے سرکاری بوٹ پالشیے متحرک ہوئے ہیں ان کا راستہ روکنے کیلئے دن رات ایک کرکے بلوچستان کے لوگوں کی ذہن سازی کرکے یہاں کے لوگوں کو سیاسی عمل کے ذریعے متحریک کریں تاکہ عوام اپنے ووٹ کے ذریعے نام نہاد ٹھیکیداروں کا راستہ روکیں۔ جو لوگ پچھلے باپ میں تھے ان کو دوبارہ اکٹھا کرکے پھر سے صوبے پر مسلط کرنے کیلئے اتحاد بنائے جارہے ہیں۔ لشکری رئیسانی نے کہا کہ سیاسی کارکن اپنے سماج کا رضاکار سپاہی ہے اور اس کو اپنی آئندہ ترقی، خوشحالی اور روزگار کیلئے پارلیمنٹ میں اٹھنے والی سیاسی آواز کا دفاع کرنا ہے تاکہ ایسے لوگ جو پارلیمنٹ اور سینیٹ میں جاکر گم ہوجاتے ہیں ان کا راستہ روکا جائے اور اپنے مستقبل کے وقار کا دفاع کیا جاسکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وطن عزیز بلوچستان کے حقوق کا دفاع کرنے کیلئے سیاسی کارکن سیاسی وابستگیوں، طبقات، برادریوں، رنگ، نسل، مذہب سے بالاتر ہوکر بلوچستان کے عظیم تر مفاد میں یکجا ہوکر اپنے ووٹ اور سیاسی عمل کے ذریعے سیاسی ٹھیکیداروں کا راستہ روکیں جو ساحل ووسائل کا نعرہ لگا کر اپنے ذاتی مفاد کو ترجیح دیتے ہیں۔

# زیارت کو جمعیت کا قلعہ قرار دینے والے زمینی حقائق سے واقف نہیں، نور محمد دمڑ

## صرف انتخابات کے موقع پر حلقے میں نظر آنے والوں کو عوام نے مسترد کردیا، شمولیتی اجتماع سے خطاب

زیارت (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ ضلع زیارت کو جمعیت علمائے اسلام کا قلعہ قرار دینے والے ضلع زیارت کے زمینی حقائق سے واقف نہیں ہیں ضلع زیارت سے جمعیت کا صفایا کردیا۔ 25 جولائی 2018 کو عام انتخاب میں اور 6 جولائی 2023ء کے بلدیاتی انتخاب کے ضلع کونسل کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی نشستوں پر شکست کے باوجود بھی جمعیت کے صوبائی امیر کی جانب سے یہ بیان سمجھ سے بالاتر ہے کہ "زیارت جمعیت کا قلعہ ہے"۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اور اس کی اتحادی جماعتوں کے اتحاد کے باوجود بھی ہمارے پینل کے نامزد ڈسٹرکٹ چیئرمین اور وائس چیئرمین نے بلدیاتی انتخاب میں بھاری اکثریت سے انہیں شکست دے کر کامیابی حاصل کی ہے۔ ضلع زیارت اور سنجاوی کے عوام نے صرف انتخابات کے موقع پر حلقے میں نظر آنے والے موسمی پرندوں کو مسترد کردیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے پانچ سالہ دور حکومت میں دو ہزار سے زائد نوجوانوں کو روزگار دیا، درجنوں سکول بنائے، درجنوں مراکز صحت بنائے، تیس ایمبولنسز لائے۔ سڑکوں کی تعمیر ومرمت سے متعلق اربوں روپے منصوبے منظور کرائے۔ تین انٹر کالجز، ایک کیڈٹ کالج منظور کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع زیارت میں اس وقت بھی اربوں روپوں کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ ان خیالات اظہار انہوں نے کواس میں شمولیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر درجنوں افراد نے دیگر سیاسی جماعتوں سے مستعفی ہوکر بی اے پی میں شمولیت کا اعلان کردیا۔ شمولیتی اجتماع سے بی اے پی ضلع زیارت کے صدر نومنتخب ضلع کونسل کے چیئرمین عبدالستار کاکڑ، بی اے پی کے سینئر نائب صدر نور اللہ جان سارنگزئی، ضلع زیارت کے نومنتخب ضلع وائس چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی، ضلع زکوٰۃ چیئرمین ملک سعید اللہ پانیزئی ودیگر عہدیداروں نے بھی خطاب کیا۔ نور محمد خان دمڑ نے شمولیت کرنے والوں کو مبارکباد دی اور کہا کہ ہمارے ساتھ عوام کی شمولیت سے مخالفین کی نیندیں حرام ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے عوام کا خادم ہوں۔

# ملک سیاسی ومعاشی عدم استحکام کا شکار، کارکن انتخابات کی تیاری کریں، مولانا واسع

## بلدیاتی انتخابات نے جھنجھوڑ دیا، کمزوریوں اور کوتاہیوں کا جائزہ لیں گے، صوبائی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت ہوا۔ جس میں جماعتی امور، صوبے کی سیاسی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں پارٹی کی گزشتہ 4 سالہ کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا اور عام انتخابات کے حوالے صورت حال کا جائزہ لیا گیا اور کارکنوں کو ہدایت کی گئی کہ عام انتخابات کے لیے تیاری شروع کریں، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ملک کی سیاسی صورتحال ہر لحاظ سے گمبھیر ہے اور ملک اقتصادی صورتحال کے ساتھ غیر معمولی سیاسی عدم استحکام کا شکار ہے سیاسی جماعتیں ہر محاذ پر مشکل کا سامنا کررہی ہیں۔ عوام کو تقسیم کرنے کے لیے مختلف حربے استعمال کیے جارہے ہیں۔ جمعیت علمائے اسلام ایسے حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام آئندہ عام انتخابات میں حصہ لے گی اور امید ہے کہ عوام نے جس طرح بلدیاتی انتخابات میں جمعیت کو کامیابی سے ہمکنار کیا ہے اسی طرح عام انتخابات میں بھی عوام جمعیت کے امیدواروں کو کامیابی سے ہمکنار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام تمام تعصبات سے چاہے وہ لسانی ہوں، گروہی ہوں، قومی یا نسلی وجبلی سے بالاتر ہوکر بلوچستان کے عوام کی حق نمائندگی کا حق پوری امانت ودیانت کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی پسماندگی کے لیے اپنی جدوجہد سیاسی و جمہوری انداز میں حل کریں گے۔ مولانا عبدالواسع نے صوبائی مجلس عاملہ کے اجلاس کے توسط سے صوبے کی تمام ضلعی جماعتوں اور امراء کو ہدایت کی کہ وہ عام انتخابات کے لئے بھرپور آغاز کردیں اور جماعتی صفوں کو منظم کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات نے کافی حد تک جھنجھوڑ دیا کمزوریوں اور کوتاہیوں کا جائزہ لیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام عام انتخابات میں کامیابی حاصل کرے گی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 15 JUL 2023 Page No: 5

Century Express Quetta

## فوڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام جامع پری سروس کپیسٹی بلڈنگ ٹریننگ پروگرام

### نئی فورس صحت عامہ کے تحفظ اور اپنی ذمہ داریوں کو موثر طریقے سے انجام دیگی' ڈی جی نعیم بازئی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام و نیوٹریشن انٹرنیشنل کے تعاون سے نئے تعینات ہونے والے فوڈ سیفٹی آفیسرز، لیب ٹیکنالوجسٹس، فوڈ سیفٹی سپروائزرز اور انٹرنز کے لئے پانچ روزہ و جامع پری سروس کپیسٹی بلڈنگ ٹریننگ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ تربیتی پروگرام کا مقصد نئی تقرریوں کو خوراک کی حفاظت کے ضوابط اور طریقوں سے متعلق ضروری معلومات اور مہارتوں سے آراستہ کرنا تھا۔ تربیتی سیشن کے شرکاء کو فوڈ سیفٹی سے متعلق مختلف عوامل پر آگاہی فراہم کرنے کیلئے کے پی کے حلال فوڈ اتھارٹی اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ماہرین کو مدعو کیا گیا تھا۔ پانچ روزہ ٹریننگ کے دوران مختلف موضوعات کا احاطہ کیا گیا، جن میں فوڈ

طے پا گئے، ملاقات میں انتخابی اصلاحات کا معاملہ بھی طے کیا گیا، نگران وفاقی حکومت الیکشن کمیشن کے ساتھ مل کر انتخابات مقررہ وقت پر کرائے گی، دو رہنماؤں کا نگران سیٹ اپ کیلئے نام وقت سے قبل میڈیا اور جماعتی میٹنگ میں نہ لانے پر اتفاق کیا گیا، دونوں بڑی جماعت کے سربراہوں کی دبئی ملاقات چارٹر آف ڈیموکریسی کا تسلسل تھی، ملاقات میں وفاق سمیت سندھ اور بلوچستان میں نگران سیٹ اپ کا فارمولا بھی طے کیا گیا، ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاق میں نگران سیٹ اپ میں ن لیگ کے تجویز کردہ افراد کی تعداد زیادہ ہوگی جبکہ پیپلز پارٹی اور دیگر جماعتوں کی نمائندگی تناسب کے حساب سے ہوں گی۔ نگران وفاقی حکومت الیکشن کمیشن کے ساتھ مل کر انتخابات مقررہ وقت پر کرائے گی، نگران سیٹ اپ میں سیاسی، سابق جوڈیشری کے افراد اور مضبوط ٹیکنوکریٹس نہ لانے پر بھی اتفاق ہوا تاہم رہنماؤں نے نگران سیٹ اپ کیلئے نام وقت سے قبل میڈیا اور جماعتی میٹنگ میں نہ لانے پر اتفاق کیا۔

## گریڈ 19 میں ترقی

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی کے اعلامیہ کے مطابق سلیکشن بورڈ والان کی سفارش پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حسین شاہ کو چیف اکنامسٹ (BPS-19) کے عہدے پر 22 مئی 2023 سے مستقل بنیادوں پر ترقی دے دی گئی ہے۔

## کوئٹہ کے 9 تھانوں کے ایس ایچ اوز تبدیل

**کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے 9 تھانوں کے ایس ایچ اوز کے تبادلے کر دیے گئے، ڈی آئی جی آفس کوئٹہ کے جاری کردہ** (باقی صفحہ 7 نمبر 5)

اعلامیہ کے مطابق انسپکٹر حاجی محمد سیٹلائیٹ ٹاؤن سے انویسٹی گیشن میں انسپکٹر عاشق خٹک انویسٹی گیشن سے ایس ایچ او سیٹلائیٹ ٹاؤن انسپکٹر مجاہد سلفائی نیو سریاب سے انویسٹی گیشن میں انسپکٹر قادر قمرانی کیچی بیگ سے ایس ایچ او نیو سریاب انسپکٹر جبار مینگل پولیس لائن سے ایس ایچ او کیچی بیگ انسپکٹر عابد رضا مینگل شالکوٹ تھانے سے انویسٹی گیشن میں سب انسپکٹر شاہ اللہ ہنہ اوڑک سے پولیس تھانہ شالکوٹ شہا خان سول لائن سے ایس ایچ او ہنہ اوڑک فتح محمد پولیس لائن سے ایس ایچ او سول لائن کوئٹہ تعینات کر دیا گیا۔

## دہشتگردی سمیت کئی سنگین چیلنجز کا سامنا

# ٹریفک پولیس کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں' عبدالخالق شیخ

### بلوچستان پولیس کے وسائل اور افرادی قوت دیگر صوبوں سے کم لیکن شہدا بہت زیادہ ہیں' عوام کے تحفظ کیلئے جانوں کے نذرانے دیتے رہیں گے' تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس دیگر صوبوں کے مقابلے میں کم وسائل کی حامل فورس ہے مگر سب سے زیادہ شہدا بلوچستان پولیس کے ہیں ہمیں دہشت گردی سمیت کئی چیلنجز کا سامنا ہے اس کے باوجود پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے دے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹریفک کے نظام میں مزید بہتری اور ٹریفک اہلکاروں کو نئے یونیفارم متعارف کروانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر رکن اسمبلی ثناء بلوچ، سابق اسپیکر راحیلہ حمید درانی، سابق صوبائی وزیر طاہر محمود، وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی شفیق الرحمن، کلکٹر کسٹمز آغا سعید، ایڈیشنل آئی جی جواد احمد ڈوگر، ایڈیشنل آئی جی و کمانڈنٹ بی سی سلمان چوہدری، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی کاشف عالم، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایہ ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر بلوچستان شہاب عظیم لہڑی، ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر، ایس ایس پی ٹریفک بہرام خان مندوخیل سمیت دیگر افسران اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس دیگر صوبوں کے مقابلے میں کم وسائل کی حامل ہے لیکن صوبے میں قیام امن میں اس کا اہم کردار ہے۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ کوئٹہ ٹریفک پولیس کی وردی آج سے تبدیل کر دی گئی ہے اس کے ساتھ فورس کی بہتری کیلئے جدید اقدامات کیے گئے ہیں چالان و جرمانوں کی ادائیگی آن لائن نظام سے منسلک کر دی گئی ہے اب لوگوں کو جرمانوں کی ادائیگی کیلئے بینک جانے کی ضرورت نہیں ہوگی بلکہ وہ موقع پر ہی چالان جمع کرا سکیں گے۔ ٹریفک سارجنٹ کے پاس موجود ڈیوائس میں جدید سسٹم انسٹال کر دیا گیا ہے جس کے ذریعے موبائل ڈیبٹ کارڈ' کریڈٹ کارڈ' ایزی پیسہ اور دیگر ذرائع سے جرمانے جمع کرائے جا سکیں گے۔ جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہے ہیں۔ ٹریفک پولیس کے دفاتر کو نادرا و پاسپورٹ طرز پر میگا سنٹر بنانے کی سرکاری اعلیٰ حکام کو ارسال کی ہے۔ انہوں نے کہ کوئٹہ ٹریفک پولیس کو ڈی تھری سی سے منسلک کر دیا ہے اب ڈی تھری سی ٹیکنالوجی کے ذریعے ٹریفک کنٹرول کی جا رہی ہے ڈی تھری سی کیمرے کے ذریعے ٹریفک کی نگرانی کی جا رہی ہے جہاں ٹریفک جام کا مسئلہ ہوتا ہے وائرلیس آپریٹر سیکٹر انچارج کو آگاہ کرتا ہے پھر سیکٹر انچارج جا کر ٹریفک کی روانی کو بہتر بناتا ہے۔ ٹریفک پولیس کی جدید ٹیکنالوجی کی جانب راغب ہونے کی بات کی جائے تو سال 2015 کا ذکر ضروری ہے کہ جب ٹریفک پولیس کی جانب سے پہلی بار کمپیوٹرائزڈ ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء شروع ہوا اور پھر مختلف مراحل طے کرتے ہوئے اسے بلوچستان کے دیگر اضلاع کے ساتھ منسلک کر دیا گیا انہوں نے کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے لیے پولیس کے رویہ اور تھانہ کلچر میں بہتری کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے خواتین کو سہولت اور آسانی فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ محدود وسائل کے باوجود بلوچستان پولیس اپنی ذمہ داریاں احسن طور پر انجام دے رہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 15 JUL 2023 Page No: 6


دہشتگردوں کیخلاف بلاامتیاز آپریشن جاری رہے گا، دہشتگردی کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ کر چھوڑیں گے، افغان حکومت دوحہ معاہدے پر عملدرآمد یقینی بنائے

# افغانستان میں پاکستانی طالبان کے محفوظ ٹھکانے قبول نہیں

آرمی چیف کی کوئٹہ گیریژن کا دورہ، دورے کے موقع پر گفتگو

افغان عبوری حکومت سے توقع ہے کہ وہ افغانستان کی سرزمین کسی اور ملک کے خلاف دہشتگردی کیلئے استعمال نہیں ہونے دیں گے، اس طرح کے حملے ناقابل برداشت ہیں، جنرل عاصم منیر

سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردی کی کارروائیوں کا بھرپور اور موثر جواب دیا جائے گا اور مسلح افواج ملک سے دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے تک آرام سے نہیں بیٹھیں گی

پاکستان میں دہشتگردی میں افغان شہریوں کی شمولیت پر تشویش، اس امر کو فوری طور پر حل کیا جانا چاہیے، دہشتگرد حملے ناقابل قبول، افواج کے مؤثر اقدامات کے نتیجے میں یہ حملے ہو رہے ہیں

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کوئٹہ گیریژن کا دورہ کیا، کوئٹہ گیریژن آمد پر کور کمانڈر کوئٹہ نے آرمی چیف کا استقبال کیا، آرمی چیف کو ژوب واقعہ پر بریفنگ دی گئی، آئی ایس پی آر

آرمی چیف دوروزہ سرکاری دورے پر ایران پہنچ گئے، جنرل سید عاصم منیر اپنے دوروزہ دورے کے دوران ایرانی فوجی اور سول قیادت سے ملاقاتوں میں دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کرینگے

آرمی چیف کا دورہ ایران چین، پاکستان اور ایران کے بیجنگ میں انسداد دہشتگردی کیخلاف مذاکرات کے ایک ماہ بعد ہو رہا ہے، جو خطے میں نئی صف بندیوں کے ابھرنے کا اشارہ ہے، مبصرین

کوئٹہ: (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا.......... بقیہ نمبر 1 صفحہ 9 پر

ہے کہ سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردی کی کارروائیوں کا بھرپور اور موثر جواب دیا جائے گا، دہشت گردوں کے خلاف بلا امتیاز آپریشن جاری رہے گا اور دہشتگردی کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ کر چھوڑیں گی۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کوئٹہ گیریژن کا دورہ کیا، کوئٹہ گیریژن آمد پر کور کمانڈر کوئٹہ نے آرمی چیف کا استقبال کیا، آرمی چیف کو ژوب واقعہ پر بریفنگ دی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق آرمی چیف نے ژوب واقعہ میں شہید ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ افغانستان میں دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں پر پاکستان کی مسلح افواج کو شدید تحفظات ہیں، کالعدم تحریک طالبان کو افغانستان میں کھلی آزادی ہے، پاکستان میں دہشتگردی کی کارروائیوں میں افغان شہریوں کی شمولیت پر تشویش ہے۔ جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ افغان عبوری حکومت سے توقع ہے کہ وہ افغانستان کی سرزمین کسی اور ملک کے خلاف دہشتگردی کیلئے استعمال نہیں ہونے دیں گے، اس طرح کے حملے ناقابل برداشت ہیں، سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردی کی کارروائیوں کا موثر جواب دیا جائے گا۔ آرمی چیف نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن بلا امتیاز جاری رہے گا۔

راولپنڈی/تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے سپہ سالار.......... بقیہ نمبر 2 صفحہ 9 پر

چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر دوروزہ سرکاری دورے پر ایران پہنچ گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف اپنے دوروزہ دورے کے دوران ایرانی فوجی اور سول قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ دورے کے دوران آرمی چیف دفاع اور سیکورٹی تعاون سے متعلق دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ واضح رہے کہ سفارتی مشن کے سفرنامے میں سیکیورٹی اور دفاعی تعاون پر خاص توجہ کے ساتھ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ آرمی چیف کے دورے کو پاک ایران طرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے جاری کوششوں کے ایک حصے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ آرمی چیف کی یہ ملاقات چین، پاکستان اور ایران کے بیجنگ میں انسداد دہشت گردی کے خلاف اپنے پہلے مذاکرات کے ایک ماہ بعد ہوئی ہے، جو خطے میں نئی صف بندیوں کے ابھرنے کا اشارہ ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 15 JUL 2023 Page No: 10


## تاجر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے لائحہ عمل طے کریں، ڈی سی لورالائی

ڈی سی کا سبزی منڈی کا تفصیلی دورہ، تمام شعبوں کا معائنہ کیا، نرخ معلوم کیے، سبزیوں کے نرخ سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق مقرر کرنے کا حکم دیا

[illegible]

لورالائی (ن ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی سوبان سلیم دشتی نے گذشتہ روز سبزی منڈی اور نومنتخب چیئرمین ضلع کونسل اصغر خان اتمانخیل نے مسجد کا سنگ بنیاد رکھا اس موقع پر ان کے ہمراہ، چیئرمین میونسپل کمیٹی لورالائی عزیز پٹھان، چیئرمین مارکیٹ کمیٹی لورالائی عبدالمالک اتمانخیل، سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی حاجی نور محمد علیزئی، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی طاہر خان سمر، سپرنٹنڈنٹ

بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر

سیشن کورٹ ملک محمد ممتوئی، چیئرمین سنجر یونین کونسل فرید اتمانخیل، کونسلر قادر ناصر عرف قادو، کونسلر امجد بلوچ، کونسلر نصیب اللہ عبدالرحیم زئی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما اور کارکنوں کی بہت بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی سوبان سلیم دشتی نے سبزی منڈی لورالائی کا تفصیلی دورہ کیا انہوں نے سبزی منڈی کے تمام شعبوں کا معائنہ کیا اور ریٹس معلوم کیے انہوں نے سبزی منڈی کے تمام چھوٹے بڑے تاجروں کو سختی سے ہدایات دیں کہ عوام کو جتنا بھی زیادہ ہو سکے ریلیف فراہم کیا جائے اور ریٹس سرکاری ریٹس کے مطابق ہونے چاہئیں۔

## ڈی سی خضدار کا نادرا عملے کیخلاف احتجاج کا نوٹس، دفتر کا نظام درست کرنے کی ہدایت

نادرا آفس کا عملہ عوام کو گھنٹوں انتظار کرانے اور پریشانی میں مبتلا کرنے کے بجائے اپنا سیٹ اپ فوری درست کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے

شہریوں کو کسی بھی طرح کی شکایت کا موقع نہ دیا جائے، سرد موسم درست نہ کی گئیں تو الرٹ کئے گئے رومز واپس لے لئے جائیں گے، جمیل احمد

خضدار (ا ج ن) ڈپٹی کمشنر خضدار جمیل احمد نے گزشتہ روز خواتین کی جانب سے نادرا آفس عملہ کے خلاف احتجاجی مظاہرے کا نوٹس لیتے ہوئے آج نادرا آفس کا دورہ کیا اور عملے کو سختی کے ساتھ تاکید کی کہ وہ عوام کو گھنٹوں انتظار کرانے اور پریشانی میں مبتلا کرنے کی بجائے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر

اپنا سیٹ اپ درست کریں اور شہریوں کو کسی بھی طرح شکایت کا موقع نہ دیں۔ ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد نے کہا ہے کہ نادرا آفس خضدار کا عملہ عوام کو تکلیف اور پریشانی میں مبتلا کرنے کی بجائے اپنا فعال کردار نبھائیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے انہیں متعدد رومز اس لیے دیے گئے ہیں کہ وہ عوام کو شناختی کارڈ بنانے میں سہولت مہیا کریں تاہم ایسا کچھ دیکھنے میں نہیں آرہا ہے عوام پریشان اور روز شکایتیں لیکر ہمارے پاس آتے ہیں کہ وہ گھنٹوں انتظار کرنے کے باوجود نادرا سے مایوس لوٹ آتے ہیں، نادرا انتظامیہ اپنے سیٹ اپ کو درست کرلیں

## صحافی غیر جانبدار ہوکر علاقائی مسائل کی نشاندہی کریں، منیر درانی

مثبت صحافت کے ذریعے مسائل کے حل اور معاشرتی برائیوں پر قابو پایا جاسکتا ہے، ڈی سی قلات

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے کہا ہے کہ صحافی غیر جانبدار ہوکر علاقائی مسائل کی نشاندہی کریں۔ مثبت صحافت کے ذریعے مسائل کے حل اور معاشرتی برائیوں پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی کسی بھی معاشرے کے آنکھ ہوتے ہیں صحافی غیر جانبداری کا مظاہرہ کرکے علاقائی مسائل کے حل میں اپنا بھرپور کردار ادا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

کرسکتے ہیں مثبت و تعمیری صحافت کے ذریعے معاشرتی برائیوں پر قابو پایا جاسکتا ہے صحافی برادری آپس کی اختلافات کو ختم کرکے اتحاد و اتفاق سے کام کریں اور خان میر احمد یار خان پریس کلب کو جلد از جلد فعال کریں پریس کلب کو درپیش مسائل کو فوراً حل کیا جائے گا اور صحافی برادری کو پریس کلب میں تمام تر سہولیات فراہم کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے میر احمد یار خان پریس کلب کے صحافیوں کے اجلاس کے دوران کیا اجلاس میں سینئر صحافی شادی خان مینگل عبداللہ بزنی، آغا قادر شاہ یوسف مینگل فیض بجاری مقبول گل محمد شمی عبدالواحد سوار یاسر زہری امجد سلامی ضیاء الرحمن مینگل نے شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 15 JUL 2023 Page No: 11

# جمہوریت کی مکمل بحالی تک اداروں میں استحکام ممکن نہیں، مالک بلوچ

ہم پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتے ہیں بلوچستان میں موجودہ صوبائی حکومت کی کارکردگی مایوس کن ہے موجودہ دور میں بلوچستان کی ترقی کا سفر رک گیا ہے

بلوچستان کیلئے 2023 کے انتخابات اہمیت کے حامل ہیں عوام سے بھی امید ہے کہ وہ جنرل الیکشن میں اپنے حقیقی جماعت اور نمائندوں کو کامیاب کریں

دشت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی ملک میں حقیقی جمہوریت کا خواہاں ہے کیونکہ جب جمہوریت مکمل بحال ہوگی تو ادارے مستحکم ہونگے ہم پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتے ہیں بلوچستان میں موجودہ صوبائی حکومت کی کارکردگی مایوس کن ہے موجودہ دور میں بلوچستان کی ترقی کا سفر رک گیا اگر نیشنل پارٹی کو اقتدار ملا تو دوبارہ بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے ان خیالات کا اظہار سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اپنی رہائشگاہ کوئٹہ میں نیشنل پارٹی مستونگ ........

بقیہ 48 صفحہ نمبر 9 پر

کے وفد ضلعی صدر حاجی نذیر احمد سرپرہ، جنرل سیکرٹری سجاد دہوار، سابق صوبائی سیکرٹری تعلیم ظفر اقبال بلوچ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد گل شاہوانی، صوبائی کونسلر محمود بلوچ سے گفتگو کرتے ہو؟ کیا ضلعی وفد نے مرکزی قائد کے ساتھ ملکی، علاقائی سیاسی صورتحال اور تنظیمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا اور ضلع کی تنظیمی و سیاسی صورتحال سے آگاہ کیا اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ پارٹی کے کارکنوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ پارٹی پروگرام کو گھر گھر پہنچائیں اور عوام کو نیشنل پارٹی کے پلیٹ فارم پر متحد کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔

# پشتونخوا وطن کو بدامنی دہشتگردی کی لپیٹ میں دھکیلنے کی سازشیں ہو رہی ہیں، پشتونخوا میپ

پشتونوں کی قومی وحدت ناگزیر ہوچکی ہے، ڈیورنڈ لائن کے آر پار قبائل کے درمیان رکاوٹیں برداشت نہیں کرینگے، حامد خان اچکزئی

پارٹی کے کامیاب علاقائی کانفرنسوں اور آج کے اس پروقار شمولیت کی تقریب سے پشتون قومی تحریک کو تقویت حاصل ہوگی، ہتھروین

چمن (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پشتونخوا وطن کو بدامنی، دہشتگردی کی لپیٹ میں دھکیلنے کی سازشیں ہورہی ہیں، پشتونخوامیپ دہشتگردی کی ہر شکل کی مخالفت اور مذمت کرتی ہے، عوام پشتونخوامیپ میں شامل ہوکر قومی جدوجہد میں اپنا کردار ادا کریں، پشتونوں کی قومی وحدت ناگزیر ہوچکی ہے، ڈیورنڈ لائن کے آر پار قبائل کے درمیان رکاوٹیں برداشت نہیں کرینگے، عوام کی آمدورفت اور تجارت پر پابندیاں ختم کرکے ان کیلئے سہولیات فراہم کی جائیں۔ ان خیالات اظہار انہوں نے ........

بقیہ 50 صفحہ نمبر 9 پر

ضلع چمن سرکی تلری میں محمد حسن کی رہائش گاہ پر دو الگ الگ علاقائی کانفرنسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنسوں میں سرکی تلری اول علاقائی یونٹ کے سیکرٹری حاجی رنگین آغا، سینئر معاون سیکرٹری سیف اللہ جبکہ معاونین میں محمد اکبر، حاجی باچا، عبدالقدوس، عبدالرشید اور عبداللہ منتخب ہوئے، سرکی تلری دوئم علاقائی یونٹ کے سیکرٹری محمد اکبر خان، سینئر معاون سیکرٹری امیر حمزہ جبکہ حاجی عبدالستار، عبدالرزاق، حاجی ولی داد معاونین منتخب ہوئے۔ نومنتخب ایگزیکٹوز سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی نے حلف لیا۔

# بلوچستان میں بجلی کے لوڈشیڈنگ کا سلسلہ طویل ہوتا جارہا ہے، جمعیت

غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے؟ صوبے میں کھڑی فصلات تباہ ہورہی ہیں، صوبائی بیان

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان میں بجلی کے لوڈشیڈنگ کا سلسلہ طویل ہوتا جارہا ہے کیسکو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کرکے کھڑے فصلات کو تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں جس کی ہم کسی بھی صورت اجازت نہیں دینگے ضلعی ہیڈکوارٹرز اور دیہی علاقوں میں 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جس کی وجہ سے ........

بقیہ 52 صفحہ نمبر 9 پر

اکثر باغات اور کھڑے فصلات سوکھ چکے ہیں کیسکو بجلی کی فراہمی کیلئے پوری طور پر اقدامات اٹھائیں صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان جب گرمی کا سیزن شروع ہوتا ہے تو بجلی کا اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے شدید گرمی میں عوام خاص کر زمیندار طبقے کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے کوئٹہ کے اکثر علاقوں میں 12 سے 14 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے ضلعی ہیڈکوارٹرز میں 18 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جس کی وجہ سے عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کیسکو کو واضح پیغام دیتے ہیں کہ بلوچستان میں بجلی کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات اٹھائی جائے اگر ایسا نہ ہوا تو جمعیت علماء اسلام اس بارے سخت لائحہ عمل طے کرینگے کیونکہ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے بلوچستان کے اکثر علاقوں میں زراعت کا شعبہ شدید متاثر ہورہا ہے صوبائی حکومت بھی اس سلسلے میں کیسکو حکام سے رابطہ کرکے اس معاملے کو ٹھیک کریں عوام اور زمینداروں کو مجبور نہ کیا جائے۔

## شیر افغان اسٹریٹ سیٹلائٹ ٹاؤن میں پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، مکین

کوئٹہ (پ ر) شیر افغان روڈ اسٹریٹ سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک 5 کے مکینوں نے بیان میں کہا ہے کہ شیر افغان سٹریٹ سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک 5 میں شدید گرمی میں کئی روز سے پانی کی قلت ہے جس کی وجہ سے شہری شدید پریشان ہیں۔ واسا حکام کی نااہلی کی وجہ سے مکین مہنگے داموں ٹینکر خریدنے پر مجبور ہیں۔ بیان میں انہوں نے کہا کہ بارہا واسا حکام سے رابطہ کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو رہی، واسا کی نااہلی کی سزا عام شہری بھگت رہے ہیں۔ شدید گرمی میں پانی کی عدم فراہمی افسوسناک ہے متعلقہ حکام علاقے میں پانی کی تسلسل کے ساتھ فراہمی یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔

## بی ایم سی سے سیکڑوں وہیل چیئرز اور اسٹریچر غائب، مریضوں کو مشکلات کا سامنا

**اکثر لوگ اوریجنل شناختی کارڈ رکھوا کر وہیل چیئرز اور اسٹریچرز لیجاتے ہیں لیکن دوبارہ جمع نہیں کرواتے، احساس ذمہ داری کرنا ہوگا، ڈاکٹر زینت ترین**



کوئٹہ (نسیم حمید یوسفزئی/اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کوئٹہ کی ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر زینت ترین نے کہا ہے کہ مریضوں کیساتھ آنے والے لوگ بڑی تعداد میں وہیل چیئرز اور اسٹریچرز لے گئے مگر واپس جمع نہیں کرائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال کے طریقہ کار کے مطابق اوریجنل شناختی کارڈ رکھوا کر وہیل چیئرز اور اسٹریچرز دیئے جاتے ہیں لیکن بدقسمتی سے لوگ وہیل چیئرز اور اسٹریچرز واپس نہیں کرتے جس کے باعث دیگر مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے مختلف شعبوں میں سینکڑوں کی تعداد میں اوریجنل شناختی کارڈ موجود ہیں جنہوں نے وہیل چیئرز اور اسٹریچرز حاصل کئے لیکن ہسپتال کو واپس نہیں کئے انہوں نے کہا کہ اب یہ ہماری ذمہ داری نہیں ہے کہ ہم ان کے گھروں میں پہنچ کر سامان واپس لیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو احساس ذمہ داری اور شعور کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ سیلانی ٹرسٹ کے سید مسعود الحسن نے کہا کہ ہم گزشتہ چھ سال سے وہیل چیئرز اور اسٹریچرز دے رہے ہیں لوگوں کو اوریجنل شناختی کارڈ اور نقدی رقم کے عوض وہیل چیئرز اور اسٹریچرز دیئے جاتے ہیں بدقسمتی سے اکثر لوگ واپس نہیں کرتے انہوں نے کہا کہ اگر عوام کا یہی طرز عمل رہا تو آئندہ ہمارے لئے وہیل چیئرز اور اسٹریچرز دینا مشکل ہوجائیگا۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ کے وقت بجلی غائب

**صوبے کے اکثر اضلاع میں گرمی کا پارا 40 سنٹی گریڈ سے اوپر چلا گیا، کیسکو نے رہی سہی کسر بھی پوری کردی**

**حکومت نے جاتے جاتے بھی عوامی مسائل پر توجہ دی اور نہ ہی بجلی گیس اور مہنگائی جیسے ضروری امور پر کوئی کام کیا**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دار الحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں سخت گرمی نماز جمعہ مبارک کے نماز ہونے کے ٹائم بجلی غائب عوام کو شدید مشکلات درپیش رہی موجودہ حکومت نے جاتے جاتے بھی ہمارے مسائل پر توجہ دی اور نہ ہی بجلی گیس اور مہنگائی جیسے ضروری امور پر کام کر کے عوام کیلئے آسانی پیدا کی ہے یہی وجہ ہے کہ عوام اس شدید گرمی کے باوجود بجلی سے محروم ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کردیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں کارروائی کرتے ہوئے عوام کی سہولیات کیلئے اگر دیگر سہولیات فراہم نہیں کرسکتے ہیں تو کم از کم بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ میں کمی کی جائے واضح رہے کہ اس وقت کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر اضلاع شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے اکثر اضلاع میں گرمی کا پارا 40 سنٹی گریڈ سے اوپر چلا گیا اور ساتھ میں بجلی نہ ہونے کی برابر ہے ایک طرف لوڈشیڈنگ میں اضافہ کرلیا دوسری جانب ہر گھنٹے بعد آنکھ مچولی جاری ہے اور ایسے لگ رہا ہے کہ بلوچستان میں بجلی ہی نہیں کیونکہ اکثر علاقوں میں عوام طویل لوڈشیڈنگ اور آئے روز بجلی کی خرابی کے باعث تنگ آکر بجلی کا سسٹم ختم کر کے سولر سسٹم شروع کیا ہے اسی طرح گزشتہ کئی روز سے کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں گیس بھی غائب ہے اور جن علاقوں میں گیس موجود ہے وہاں پریشر نہ ہونے کی وجہ سے کام کرنے کے وقت مشکلات درپیش ہے عوامی حلقوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کردیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں کارروائی کر کے عوام کی سہولیات کیلئے بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیکر عوام کو بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائے۔

## ایل پی جی گیس پلانٹ کی منظوری لورالائی عوام کیلئے خواب بن کر رہ گئی

**لورالائی کیلئے ایل پی جی گیس پلانٹ کی آٹھ سال قبل دی گئی زمین الاٹ ہوئی منتخب نمائندوں نے دو، دو بار الگ الگ اسکا افتتاح بھی کیا**

**لوگ قدرتی حسن کو پارہ پارہ کرتے ہوئے جنگلات کی کٹائی کر کے لکڑی ایندھن کے طور پر استعمال کر رہے ہیں، کٹائی سے آلودگی بڑھ گئی**

**وزیراعظم میاں شہباز شریف حکومت کے آخری ایام میں اس پراجیکٹ کو فعال کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، لورالائی کے عوام کی اپیل**

لورالائی (رپورٹ ملک امانت حسین کاکاڑ ئی) پچھلی حکومت میں آٹھ سال قبل ایل پی جی گیس پلانٹ کی وفاقی کمیٹی کی منظوری کے بعد 2017 کو باقاعدہ ایل پی جی کے انجینئر نے کٹوئی روڈ نزد کرسچن کالونی کے قریب باقاعدہ زمین بھی قبضہ میں لے لی تھی اسکی منظوری سابقہ حکومت کی وفاقی کیبنٹ نے دی تھی اور اس پر تقریبا ایک ارب کا خرچہ آنا تھا ہمارے مقامی لیڈران سابق ایم این اے، اور ایم پی اے نے دو، دو بار الگ الگ اسکا افتتاح بھی کیا تھا آٹھ کا عرصہ گذرنے کے باوجود ایل پی جی گیس پلانٹ کے کام میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ہے اور کام وہیں کا وہیں رکا ہوا ہے لورالائی کا ضلع جسکو 100 سال سے زائد کا عرصہ ہوچکا ہے اس میں نہ ہی بجلی ہے نہ گیس اور اور نہ ہی پانی ہے ضلع کے لوگ قدرتی حسن کو پارہ پارہ کرتے ہوئے جنگلات کی کٹائی کر کے لکڑی ایندھن کے طور پر استعمال کر رہے ہیں جنگلات کی کٹائی سے قدرتی حسن خراب ہو رہا ہے اور ماحولیاتی آلودگی پر گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں جسکی بڑی وجہ لورالائی میں قدرتی گیس کا نہ ہونا ہے اور اسی طرح اپنی مرضی سے بغیر کسی منظوری کے بور لگا کر زیر زمین نکال کا بلا ضرورت استعمال کر رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ زیر زمین پانی کی سطح انتہائی خطرناک حد تک نیچے گر گئی ہے اگر اللہ پاک کی طرف سے بارشیں نہ ہوئی تو پانی کے حصول کے لیے جنگیں ہوں گی لورالائی میں بجلی بھی نہ ہونے کے برابر ہے لورالائی کی عوام شدید مشکلات کی زندگی گذارنے پر مجبور ہیں لورالائی کے لیے ایل پی جی گیس پلانٹ کی آٹھ سال قبل دی گئی زمین بھی الاٹ ہوئی لیکن ایل پی جی گیس پلانٹ کی منظوری عوام کے لیے ایک خواب بن کر رہ گئی دوسری حکومت بھی آخری مراحل میں ہے موجودہ حکومت نے پرانے پراجیکٹ کو پس پشت ڈال کر نئے پراجیکٹ شروع کر رکھے ہیں مستقبل میں آنے والی حکومت تمام پرانے منصوبے کو سائیڈ پر کر کے اپنے پراجیکٹ شروع کرے گی

# بلوچستان میں شدید مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

بلوچستان میں مالی سال 2021-22 کے دوران 32 ارب 63 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں اور صوبے کے بجٹ کا 11 فیصد سے زائد حصہ خرچ نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے آڈٹ سال 2022-23 میں مالی سال 2021-22 کے بجٹ کا جائزہ لیا۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں ایک مالی سال کے دوران 129 کیسز میں 32 ارب 63 کروڑ روپے کی مالی بے ضابطگیاں ہوئی ہیں۔ خبر رساں ادارے این این آئی کو موصول ہونے والی رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مالی سال 2021-22 کے دوران بلوچستان حکومت بجٹ کا 11.67 فیصد حصہ یعنی 53 ارب 44 کروڑ روپے خرچ نہیں کر سکی جو صوبائی حکومت کی حکمت عملی پر سوالیہ نشان ہے جبکہ صوبائی حکومت کی جانب سے ترقیاتی کاموں پر بجٹ کا صرف 29 فیصد خرچ کیا گیا جو کہ انتہائی کم ہے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق محکمہ بورڈ آف ریونیو بلوچستان میں 3 ارب 39 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں ہوئیں جن میں 2099.7 ملین روپے کے غیر قانونی اخراجات شامل ہیں محکمے نے 33.7 ملین روپے سے زائد کا ریکارڈ پیش نہیں کیا جبکہ رپورٹ میں محکمے سے 1260 ملین روپے سے زائد کی ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ محکمہ انڈسٹریز میں 2 ارب 17 کروڑ روپے سے زائد کی بے ضابطگیاں ہوئیں جن میں 2092.6 ملین روپے کے غیر قانونی اخراجات اور 85.4 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش شامل ہیں۔ محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میں 1 ارب 78 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی جن میں سے 1 ارب 74 کروڑ روپے کے بے قاعدہ اخراجات شامل ہیں جبکہ محکمے سے 37.4 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ محکمہ مواصلات و تعمیرات میں کل 1 ارب 87 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں ریکارڈ ہوئیں جن میں 843.2 ملین روپے کے اخراجات شامل ہیں جبکہ 1033.9 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ رپورٹ میں محکمہ صحت بلوچستان میں کل 3 ارب 89 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں پائی گئیں جن میں سے 3776.3 ملین روپے کے غیر قانونی اخراجات شامل ہیں آڈٹ رپورٹ میں محکمے سے 120 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ محکمہ مائنز اینڈ منرلز میں 4 ارب روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں ہوئیں جن میں 3042.017 ملین کے غیر قانونی اخراجات شامل ہیں جبکہ 977.8 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں 2 ارب 45 کروڑ روپے سے زائد کے غیر قانونی اخراجات ہوئے جس میں 1179.8 ملین روپے کی مالی بے ضابطگیاں جبکہ 1271.6 ملین روپے کی ریکوری شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان پولیس میں 1 ارب 38 کروڑ روپے سے ائد کی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا جس میں سے 240.8 ملین روپے کا ریکارڈ پیش نہیں کیا گیا، 601.2 ملین روپے کے بے قاعدہ اخراجات ہوئے اور 538.2 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ زراعت میں 263.3 ملین روپے کی بے ضابطگیاں ہوئیں جبکہ 209 ملین روپے ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ محکمہ ہائیر ایجوکیشن میں 959.2 ملین روپے سے زائد کی بے ضابطگیاں ہوئیں جن میں سے 78 ملین روپے کے غیر قانونی اخراجات اور 178 ملین روپے کی ریکوری شامل ہے اسی طرح محکمہ خزانہ میں 480.8 ملین روپے سے زائد کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی ہوئی جن میں 351 ملین روپے کے غیر قانونی اخراجات شامل ہیں جبکہ 129.7 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ محکمہ خوراک میں 213.2 ملین روپے سے زائد کے غیر قانونی اخراجات ہوئے جبکہ 50.2 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں 686.211 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی۔ رپورٹ میں محکمہ لائیو سٹاک میں 194.5 ملین روپے کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی ہوئی جس میں 177.9 ملین روپے کے غیر قانونی اخراجات جبکہ 16.5 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش شامل ہیں۔ بلوچستان میں محکمہ آبپاشی میں 312.6 ملین روپے کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی ہوئی جن میں سے 3.9 ملین روپے کے غیر قانونی اخراجات جبکہ 308.6 ملین روپے کی ریکوری کی سفارش کی گئی ہے۔ آڈٹ رپورٹ میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی میں 70.9 ملین روپے کی مالی بے ضابطگیاں ہوئیں جن میں 37.5 ملین روپے کے غیر قانونی اخراجات جبکہ 33.4 ملین روپے کی ریکوری شامل ہے۔ رپورٹ میں صوبے کے خود مختار اداروں کا بھی آڈٹ تیار کیا گیا ہے جنکی فہرست علیحدہ ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے صوبے کے تین محکموں محکمہ خزانہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے لئے کسی بھی اسکیم پر عملدرآمد نہیں ہوا جبکہ پی ایچ ای کے لئے 20 فیصد اسکیمات رکھی گئیں جن میں سے بیشتر واٹر سپلائی اسکیمات تھیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ "دیگر اسکیمات" نوعیت کے 21 منصوبوں پر 4 ارب 64 کروڑ روپے کے اخراجات آئے جن پر کام کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کے ذریعے کیا گیا تاہم یہ کام کرنے کے لئے محکمے موجود تھے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق پی ایس ڈی پی میں 28 شعبوں میں سے 24 ایسے تھے جن میں صرف 1 فیصد سے کم ایلوکیشن رکھی گئی۔

## انتخابی اصلاحات اور سیاسی جماعتوں کی ذمہ داریاں!!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں اگلے عام انتخابات کے ممکنہ اعلان، حکومتی مدت کی تکمیل، اسمبلیوں کی تحلیل، نگران سیٹ اپ کے قیام اور اس سے جڑے مباحث پر بحث مباحثوں کا سلسلہ جاری ہے مختلف النوع خبریں روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ ہو رہی ہیں جن کا لب لباب یہی ہے کہ حکمران اتحاد میں شامل سبھی جماعتیں انتخابات کے بروقت انعقاد کے حوالے سے سنجیدہ ہیں ہر چند کہ ابھی تک اس بات پر اتفاق نہیں ہو سکا کہ انتخابات کب ہوں تاہم ایک عام تاثر یہی ہے کہ اگست میں جب یہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرلے گی اور نگران سیٹ اپ آجائے گا تو اس کے ساتھ ہی انتخابات کا بگل بھی بج جائے گا اور یوں اکتوبر یا نومبر میں ممکنہ طور پر انتخابات کا انعقاد ہوگا وزیراعظم شہباز شریف رواں ہفتے دو بار اس رائے کا اظہار کر چکے ہیں کہ اگست میں ان کی حکومت کی مدت مکمل ہو جائے گی اور وہ نگران سیٹ اپ کو حکومت حوالے کر دیں گے جس کے بعد ظاہری بات ہے کہ انتخابات میں عوام نے اس بات کا فیصلہ کرنا ہے کہ کس جماعت کو مینڈیٹ دینا ہے جو جماعت اکثریت لے کر آئے گی وہ حکومت بنائے گی یہی جمہوری پارلیمانی طرز ہے اس وقت جب انتخابات سر پر آن کھڑے ہوئے ہیں یہ بات غور طلب ہے کہ گزشتہ کئی برسوں سے انتخابی اصلاحات کے جس معاملے کی صدائے بازگشت ہم وقتاً فوقتاً سنتے رہے ہیں اس پر ہنوز جماعتوں نے سو فیصد اتفاق و اطمینان نہیں کیا گزشتہ روز وزیر قانون نے یہ بتایا ہے کہ الیکشن اصلاحات پر ننانوے فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جو ایک فیصد کام باقی ہے وہ شاید پی ٹی آئی کے تحفظات کے باعث ہے جبھی وزیر قانون نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے تحفظات دور کر دیے جائیں گے۔

گزشتہ روز انتخابی اصلاحات کمیٹی کے اجلاس میں یہ معاملات زیر غور آئے ہیں اصلاحات کمیٹی کے اجلاس کی روداد میں جانے سے قبل وزیراعظم شہباز شریف کے قوم سے کئے گئے خطاب کا ذکر ضروری ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ اگست میں وہ انتظام نگران سیٹ اپ کو سونپ دیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے موجودہ حکومت کی آئینی مدت کے خاتمے پر انتظام نگران حکومت کے سپرد کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت کی یہ مقدس امانت اگست میں ہم نگران حکومت کے سپرد کر دیں گے انہوں نے کہا کہ محض پندرہ ماہ میں ہم نے چار سال کی بربادیوں کا حتی المقدور ملبہ صاف کیا، پاکستان کے مفادات کی راہ میں بچھائی گئی بارودی سرنگیں صاف کیں، سوا سال کا یہ عرصہ ناامیدی کے اندھیروں سے امید کی روشنی کی طرف ایک پرعزم سفر تھا، سب کچھ کھو جانے سے کچھ حاصل ہونے کا آغاز تھا، تخریب، انتشار اور فساد کے راستے کو تعمیر کی طرف پلٹنے کا سفر تھا، معاشی تباہی سے نکل کر معاشی استحکام کی طرف لوٹ آنے کا سفر تھا، تنہائی سے نکل کر وفا اور با اعتماد دوستوں اور بھائیوں کی محفل میں واپسی کا سفر تھا، یہ سیلاب میں گھرے تین کروڑ تیس لاکھ اہل وطن کا ہاتھ تھامنے، ان کے برباد گھروندوں اور کھیت کھلیان کو پھر سے آباد کرنے کا سفر تھا یہ سفر بے روزگاری سے دوبارہ روزگار کی فراہمی کا سفر تھا، مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام کو کچھ ریلیف فراہم کرنے کا سفر تھا، یہ انسانی عظمت، وقار، قومی خودمختاری، میڈیا، اظہار رائے اور شہری آزادیوں کی بحالی کا سفر تھا پاکستان کی جمہوری تاریخ میں یہ اپنی نوعیت کی واحد منتخب مخلوط حکومت ہے جو مختصر ترین مدت کے لیے قائم ہوئی، جس نے پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے چیلنجز اور مشکلات کا سامنا کیا وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اس عرصے میں ہم نے سیاست نہیں کی بلکہ ریاست کی حفاظت کی، ووٹ بینک کی فکر نہیں کی لیکن اسٹیٹ بینک میں مسلسل اضافے کی فکر کی، معاشی بحالی کے راستے میں ایک بڑی رکاوٹ آئی ایم ایف کا وہ پروگرام تھا جسے سابق حکومت نے شرائط پر کیا تھا اور پھر خود ہی اسے توڑ کر پاکستان کو دیوالیہ ہونے کے کنارے پر پہنچا دیا وزیراعظم شہباز شریف سے اختلاف کا حق ہر شہری کو ہے لیکن یہ بات عین حقیقت ہے کہ بطور وزیراعظم انہوں نے جن نامساعد حالات میں اقتدار سنبھالا وہ پاکستان کی تاریخ کا مشکل ترین دور تھا نہ صرف معیشت ابتر اور خزانہ خالی تھا بلکہ سیاسی عدم استحکام بھی اپنے عروج پر تھا سیاست میں عدم برداشت اور الزامات کی سیاست عروج پر تھی اس کے باوجود حکومت نے بہتر انداز میں ملک و قوم کی خدمت کی اب اس حکومت کے پاس محض چند ہفتے رہ گئے ہیں اور اس بات کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ انتخابات کے انعقاد سے قبل اگر انتخابات اصلاحات کے تمام نکات پر تمام سیاسی جماعتیں اور تمام اسٹیک ہولڈرز متفق ہوتے ہیں تو اس سے نہ صرف انتخابی شفافیت یقینی بنائی جا سکے گی بلکہ سیاسی جماعتوں کے مابین مختلف وجوہات کی بناء پر جو فصیلیں حائل ہیں انہیں بھی پاٹنے اور کاٹنے میں مدد ملے گی یہ وقت سیاسی جماعتوں سے اسی بات کا تقاضا کرتا ہے کہ وہ ملک و قوم کی مفاد کی خاطر سیاست سے بالاتر ہو کر کام کریں جہاں تک الیکشن اصلاحات کا تعلق ہے تو انتخابی اصلاحات کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز چیئرمین ایاز صادق کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی ڈھائی گھنٹے تک جاری رہنے والے اجلاس میں انتخابات کے بروقت انعقاد، شفاف انعقاد کے حوالے سے اصلاحات، دھاندلی روکنے کے لیے اقدامات کے ساتھ ساتھ سمندر پار پاکستانیوں کو ووٹ کے حق سمیت مختلف امور پر گفتگو کی گئی انتخابی اصلاحات کے تیسرے ان کیمرہ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سیاسی جماعتوں پر پابندی کے معاملے کو ایجنڈے سے نکال دیا گیا انہوں نے کہا کہ انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی نے ننانوے فیصد کام مکمل کر لیا ہے اور جن نکات پر اتفاق نہیں تھا ان پر بھی اتفاق ہو گیا ہے ایک دو معاملات پر پی ٹی آئی کی جانب سے تحفظات کا اظہار کیا گیا لیکن یہ معاملات اتنے حساس نہیں کہ انہیں حل نہ کیا جا سکے، پی ٹی آئی کے تحفظات کو مل بیٹھ کر حل کر لیں گے اگر فی الواقعی تمام سیاسی جماعتیں اس حوالے سے متفق ہیں اور فی الواقعی حکومت نے ننانوے فیصد کام مکمل کر لیا ہے تو یہ ایک انتہائی اچھی اور خوش آئند پیشرفت ہے سیاسی جماعتوں کا فرض عین اور بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ نہ صرف انتخابی اصلاحات بلکہ ملک و قوم کو درپیش چھوٹے بڑے جتنے بھی مسائل ہیں ان کے حل کے حوالے سے اجتماعی شعور و بیداری کا مظاہرہ کریں تاکہ درپیش چیلنجز سے بطریق احسن نمٹ کر ملک کو ترقی استحکام اور خوشحالی کی منزل تک پہنچایا جا سکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 15 JUL 2023 Page No: 18

## بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کا تماشا

آغا فیصلب

بلوچستان میں مقامی حکومتوں نے اپنی مدت 2019ء میں پوری کر لی تھی۔ بعد ازاں آئینی مدت کے اندر پھر سے انتخابات کرانے کی ریاست اور حکومتوں نے زحمت ہی گوارا نہ کی اور بلدیاتی انتخابات پس منظر میں چلے گئے۔ مقامی حکومتیں اور یہ نظام اپنی نحیف حالت میں بھی حکمرانوں کو ناگوار ہے۔ جنرل پرویز مشرف کی آمریت میں متعارف کرائے گئے اس نظام میں اختیارات مقامی حکومتوں کو تفویض کیے گئے۔ ان حکومتوں کو ترقیاتی فنڈز دیے گئے تھے۔ نامور سیاسی لوگ ان حکومتوں میں داخل ہو گئے، گہری دلچسپی لی گئی۔ وہ وقت گزرا تو مقامی حکومتیں سیاسی جماعتوں کی ترجیح نہ رہیں۔ یہاں تو آئین طاقتور کے ہاتھوں بازیچۂ اطفال بنی ہے۔ دستور کو بالادست کہا جاتا ہے مگر یہاں عملاً زبردست پایا گیا ہے۔ تحریک انصاف نے پنجاب اور خیبر پختون خوا کی حکومتیں توڑ دیں۔ ظاہر ہے عمران خان نے مخالف وفاقی حکومتوں کے آگے سیاسی داؤ کھیلا۔ مقصد یہ تھا کہ اس طرح عام انتخابات کی طرف جایا جائے۔ مگر معاملہ الٹ ہوا۔ دونوں صوبوں کی نگران حکومتیں منتخب حکومتوں کی طرح مسلط کر دی گئیں۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے پنجاب کے اندر 90 روز یعنی 14 مئی 2023ء کو انتخابات کرانے کا حکم دیا جس کی تعمیل نہ ہوئی۔ کسی نے ملک کے حالات کے پیش نظر سیکورٹی دینے میں مشکلات کا عذر تراشا، کسی نے فنڈ کا۔ المیہ ہے کہ بعض ادارے جیسے قومی احتساب بیورو اور الیکشن کمیشن تو برسر اقتدار طبقے کے باج گزار ٹھیر جاتے ہیں، یعنی دستور بھی پامال ہوا اور سپریم کورٹ کا حکم بھی ہوا میں تحلیل ہوا، اور ''جس کی لاٹھی اس کی بھینس'' کا محاورہ حقیقت ثابت ہوا۔ مقامی حکومتوں کے انتخابات بھی عدالتوں کے حکم پر منعقد کرائے گئے، وگرنہ قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں میں بیٹھے قانون سازوں کے نزدیک ان کی چنداں ضرورت نہ تھی۔ اب جب انعقاد ہونا تھا تو یقینی طور پر اپنی شرکت سے لاتعلق نہیں رہ سکتے، انہیں نچلی سطح کے اندر سیاسی بقا کے لیے جڑیں مضبوط کرنا ہوتی ہیں۔ ایسا بلوچستان میں بھی ہوتا ہے۔ سیاسی جماعتیں، علاقائی اتحاد اور شخصیات ان انتخابات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں تاکہ ان کی سیاسی و قبائلی ساکھ کو ضعف نہ پہنچے۔ کراچی میں جمہوریت کی علم بردار پیپلز پارٹی نے دن دہاڑے ڈاکا مار کر جماعت اسلامی سے میئر شپ ہتھیا لی۔ پیش ازیں ابتدائی مراحل کے انتخابات میں سرکاری مشنری استعمال کرتے ہوئے کراچی کے انتخابات پر اثر انداز ہوئی اور آخر کار کراچی کی حکمرانی بھی چھین لی۔ یہ واردات الیکشن کمیشن، اسٹیبلشمنٹ اور پی ڈی ایم کی آنکھوں کے سامنے کی گئی۔ یقینی طور پر انتخاب چرانے کی اس واردات کے حوالے سے ان سب کی رضا شامل بھی جاتی ہے۔ بلوچستان میں بھی بلدیاتی انتخابات کا تماشا پچھلے سال مئی 2022ء سے جاری ہے۔ 29 مئی کو بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے کا انعقاد ہوا جس میں کوئٹہ اور لسبیلہ کے ماسوا صوبے کے تمام اضلاع میں میونسپل کمیٹیوں، یونین کونسلز اور چار ہزار 456 دیہی اور شہری وارڈز کے لیے ووٹ ڈالے گئے۔ پھر سات ماہ کے وقفے کے بعد 14 دسمبر 2022ء کو دوسرے مرحلے کے تحت مخصوص نشستوں پر انتخاب ہوا۔ ضلع لسبیلہ میں بعد میں انتخابات کرا لیے گئے۔ اس کے بعد آخری مرحلے کے لیے آٹھ ماہ بعد 6 جولائی 2023ء کا دن مقرر ہوا۔ چنانچہ چھ ماہ بعد 35 اضلاع کی ضلع کونسل کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کے انتخابات ہوئے جن میں صوبے کی تمام سیاسی جماعتیں مشغول رہیں۔ بلوچستان عوامی پارٹی، پیپلز پارٹی، جمعیت علمائے اسلام، پشتون خوا ملی عوامی پارٹی، کہیں بلوچستان نیشنل پارٹی تو کہیں قبائلی شخصیات نے کامیابیوں کے ڈنکے بجائے ہیں۔ اب بھی یہ انتخابات تشنہ ہیں کہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں جو کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن ہے، کوئی بھی مرحلہ سرے سے سر ہی نہیں ہو سکا ہے۔ ظاہر ہے کوئٹہ کے اندر انتخابات کے لیے وقت درکار ہے۔ جب کوئٹہ میں انتخابات ہوں گے تو چوتھا مرحلہ مکمل ہوگا۔ یوں پھر جا کر یہ انتظامی اور مالی طور پر بے اختیار مقامی حکومتیں اور مشنری کام شروع کرے گی۔ اب تک کوئٹہ کے لیے شیڈول بھی نہیں دیا گیا ہے۔



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ ژوب گریژن پر حملے میں زخمی اہلکاروں کی عیادت کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ڈاکٹر عاصمہ منظور کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کے ہمراہ آل پاکستان چیئرمین بورڈز اور عہدیداران کا گروپ

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 15 JUL 2023 Page No:________



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو بجٹ اور مالی امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو گوادر کے ترقیاتی امور و مسائل کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 15 JUL 2023 Page No:________



پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ عمران گچکی سے انجینئر زمرک اور بنیجا خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 15 JUL 2023 Page No:________



آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ ایم پی اے شاہ بلوچ، طاہر محمود اور دیگر کا تقریب کے موقع پر گروپ